# خیبر پختون خواہ پتنگ بازی کی سرگرمیوں کا امتناعی قانون 2006ء

## خیبر پختون خواہ قانون نمبر IV، 2006ء

## مندرجات

**تمہید:**

**دفعات:**


۱۔ مختصر عنوان، حد اور نفاذ

۲۔ تعریف

۳۔ قابل دست اندازی اور نا قابل ضمانت جرم

۴۔ جرم اور سزا

۵۔ رجسٹریشن

۶۔ وارنٹ کے بغیر داخل ہونے کا اختیار، تلاش، قبضہ، گرفتاری

۷۔ تلاش اور گرفتاریوں کا طریقہ

۸۔ اپیل

۹۔ قوانین بنانے کے اختیارات

۱۰۔ منسوخی


---

۱۔ تبدیل شد بحت خیبر پختون خواہ ایکٹ نمبر IV 2011ء

۲۔ تبدیل شد بحت خیبر پختون خواہ ایکٹ نمبر IV 2011ء

# خیبر پختون خواہ پتنگ بازی کی سرگرمیوں کا امتناعی قانون 2006ء

## خیبر پختون خواہ قانون نمبر IV، 2006ء

پشاور

تاریخ: 12 مئی 2006ء

سب سے پہلے گورنر خیبر پختون خواہ کی منظوری حاصل کرنے کے بعد، خیبر پختون خواہ کے سرکاری (گزٹ) میں شائع کیا جائے بتاریخ 12 مئی 2006ء

## قانون

خیبر پختون خواہ میں پتنگ بازی کی سرگرمیوں کی ممانعت

**تمہید:**

جبکہ صوبہ خیبر پختون خواہ میں پتنگ بازی کی سرگرمیوں کی ممانعت کے لئے تاکہ انسانی زندگی، سرکاری اور نجی املاک کی حفاظت کا طریقہ کار وضع کرنا ضروری ہے۔ لہذا یہ ذیل میں دیا گیا ہے۔

1۔ **مختصر عنوان، حد اور نفاذ:۔**

ا۔ اس قانون کو خیبر پختون خواہ میں پتنگ بازی کی سرگرمیوں کا امتناعی قانون 2006ء کہا جا سکتا ہے۔

۲۔ یہ قانون تمام خیبر پختون خواہ پر محیط ہے۔

۳۔ یہ ایک ہی وقت میں نافذ العمل ہو گا۔

2۔ **تعریف:**

اس قانون میں، قطع نظر اگر سیاق و سباق کچھ اور تقاضہ کرتے ہوں، مندرجہ ذیل اظہار کے معانی بالترتیب ذیل ہونگے۔

**الف:** ضلع

ایک ہی مطلب ہو گا جو کہ خیبر پختون خواہ کے مقامی حکومتی آرڈیننس 2001ء خیبر پختون خواہ آرڈیننس نمبر

XIV، 2001ء کی دفعہ 2 کی ذیلی شق X میں ہے۔

ب: حکومت۔

کا مطلب خیبر پختون خواہ کی حکومت۔

ج: **پتنگ بازی**

کا مطلب کسی بھی جگہ پر دھاتی تار، نائلان کی ڈوری (ٹنڈی) کے ساتھ یا اس کے بغیر یا کسی بھی دوسری دھاگہ جو کسی تیز مانجا سے لیپ شدہ مواد ہو سے پتنگ اُڑانا۔

د: **جگہ:**

کا مطلب ہوائی اڈہ/ایئر بیس، گلی، سڑک، راستہ، پارٹ، باغ، کھیل کے میدان قبرستان، ہوٹل، ریسٹوران، موٹل، مس، عمارت، کلب، گھر، خیمہ یا کوئی بھی چھت اور جگہ کے ارد گرد کلومیٹر پر محیط علاقہ۔

ر: **وضع شدہ:**

کا مطلب اس قانون کے تحت بنائے گئے قوانین۔

ح: **تیز مانجہ:**

کا مطلب کیمیاوی مرکب اور پسے ہوا شیشہ یا کوئی دوسرا نقصان دہ اور خطرناک مواد جو دھاگہ پر لیپ کیا ہوا پتنگ بازی کے لئے استعمال کرنا۔

۳۔ **قابل دست اندازی اور نا قابل ضمانت جرم:۔**

باوجودیکہ، کسی دیگر نافذ العمل قانون کہ، یہ جرم اس قانون کے تحت قابل دست اندازی اور نا قابل ضمانت ہوں گے اور ضابطہ فوجداری 1988ء (قانون 1988ء) کے باب XXII کے تحت سرسری سماعت ہوگی۔

4۔ **جرم اور سزا:۔**

ذیلی دفعہ (2) کے تحت، کوئی شخص بھی نہیں کرسکتا۔

الف: پتنگ بازی کا ارتکاب یا اس میں مدد۔

ب: پتنگ تیار کرنا، فروخت یا فروخت کرنے کی پیشکش کرنا اور

ج: پتنگ بازی کے مقصد کے لئے، تیار کرنا، جمع کرنا، فروخت کرنا، فروخت کرنے کی پیشکش کرنا یا بیچنا کسی بھی

دھاتی تار، نائلان کا دھاگہ (ٹنڈی) یا کوئی بھی دھاگہ جو تیز مانجے یا کسی بھی نقصان دہ مواد سے لیپ شدہ ہو۔

۲۔ کسی بھی ضلع کا ناظم حکومت کی پیشگی منظوری کے ساتھ ایک جاری کردہ نوٹیفیکیشن کے ذریعے مخصوص مقامات پر پتنگ بازی کرنے اور پتنگ فروخت کرنے کی اجازت دے سکتا ہے جو کہ موسم بہار میں ایک ماہ میں پندرہ یوم سے زیادہ نہ ہوگی۔

بشرطیکہ مزید حکومت اپنے عمومی یا خصوصی حکم کے ذریعے پتنگ بنانے کی اجازت کسی خاص مدت کے لئے دے سکتی ہے۔

بشرطیکہ کسی بھی حالت میں پتنگ بازی کی اجازت ہوائی اڈے /ایئر بیس کے ارد گرد میں نہیں دی جائے گی جیسا کہ دفعہ 2 (د) میں تعریف شدہ ہے۔

---

۱۔ تبدیل شدہ بحت خیبر پختون خوا ایکٹ نمبر IV اِ 2011ء

۲۔ تبدیل شدہ بحت خیبر پختون خوا ایکٹ نمبر IV اِ 2011ء

## وضاحت:

اس ذیلی دفعہ کی تشریح اس طرح نہیں ہوسکے گی جس سے اس بات کی اجازت ہو کہ پتنگ اڑانے کے لئے دھاتی تار نائلان کی دھاگہ (ٹینڈی) یا کوئی بھی دھاگہ جو تیز مھاجھے سے لیپ شدہ ہو، کا استعمال ہوسکتا ہے، پتنگ بازی کے لئے نہ کوئی نقصان دہ مواد تیار کرنا یا فروخت کرنے کی اجازت ہوگی۔

۳۔ ذیلی دفعہ (۲) کے تحت کوئی بھی شخص جو ذیلی دفعہ (۱) کی خلاف ورزی کرے گا، وہ شخص قید جو کہ تین مہینوں سے زیادہ نہیں ہوگی یا جرمانہ جو چالیس ہزار روپے سے زیادہ نہ ہوگا۔ یا دونوں کا حقدار ہوگا۔

## 5۔ رجسٹریشن:

۱) ہر کاریگر، تاجر اور پتنگ بیچنے والا یا پتنگ کے مواد بنانے والے پر لازم ہے کہ وہ اپنے آپ کو شہری حکومت یا ضلعی حکومت کے ساتھ رجسٹر کروائے جسکا طریقہ کار وضع شدہ ہے۔

۲) کوئی بھی شخص جو کہ ابھی شق (۱) کے احکامات کی خلاف ورزی کرے گا۔ وہ قید جو کہ تین سال سے زیادہ ن ہو یا جرمانہ دس ہزار روپے سے زیادہ نہ ہو یا دونوں کا حقدار ہوگا۔

## 6۔ بغیر وارنٹ داخل ہونے، تلاش، قبضہ اور گرفتاری کے اختیارات:

پولیس آفیسر جو کہ اسسٹنٹ سب انسپکٹر کے رینک سے کم نہ ہو، اطلاع کے ملنے پر یا اپنی ذاتی معلومات پر اگر ضروری سمجھتا ہو اتو۔

الف: کسی بھی شخص کو بغیر وارنٹ کے گرفتار کرسکتا ہے جس میں دفعہ 5 کے تحت کوئی جرم کیا ہو یا اس پر شک ہو کہ اس نے یہ جرم کیا ہے۔

ب: کسی بھی جگہ پر کسی بھی وقت داخل ہوسکتا ہے اور تلاشی لے سکتا ہے اگر اسے کسی کی مدد درکار ہو یا جہاں طاقت کا استعمال ضروری ہو کر سکتا ہے اور۔

د: کسی بھی چیز کو قبضہ میں لے سکتا ہے جس پر یہ شبہ ہو کہ وہ چیز اس قانون کے تحت کسی بھی جرم کے ارتکاب کے مقصد کے لئے استعمال ہوئی ہے، یا استعمال کرنے کا ارادہ کیا گیا ہو۔

**7۔ تلاش اور گرفتاری کا طریقہ کار:۔**

ضابطہ فوجداری، 1998ء کے قواعد، ماسوائے دفعہ 103، اس صورت میں تلاش اور گرفتاری میں نافذ العمل ہوں گے الا کہ یہ قواعد دفعہ 5 سے متصادم ہوں۔

**8۔ اپیل:**

مجسٹریٹ کے حکم کے خلاف اپیل سیشن عدالت میں ہوگی جس کا حکم آخری اور حتمی ہوگا۔

**9۔ قوانین بنانے کے اختیارات:**

حکومت اس قانون کے مقاصد حاصل کرنے کے لئے قوانین بنا سکتی ہے۔

**10۔ منسوخ:**

شمال مغربی سرحدی صوبہ پتنگ بازی کی سرگرمیوں کا امتناعی آرڈیننس نمبر 1، 2006ء منسوخ کیا جاتا ہے۔